محمّد یونس نے کہا میں سمجھتا ہوں کہ بین الاقوامی تنازعات، ماحول کے تحفظ اور منشیات کے مسائل سے نمٹنے کے لیے اسلام، عیسائیت اور یہودیّت کے پیروکاروں کے درمیان اور زیادہ تعاون اور مفاہمت کی ضرورت ہے۔ ہمارا دین دوسرے مذاہب کے ماننے والوں سے تبادلۂ خیال کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اسلام کو ماننے کے لیے ضروری ہے کہ عیسائی اور یہودی مذہب کو بھی تسلیم کیا جائے۔ (پندرہ روزہ "خبر و نظر"، اسلام آباد - ۱۵ جولائی ۱۹۹۵ء)

پی - جان ایکٹن وفات پا گئے۔

سابق "ویسٹ پاکستان کرسچن کونسل" (موجودہ نیشنل کرسچن کونسل آف پاکستان) کے سابق ایگزیکٹو سیکرٹری، میتھوڈسٹ چرچ آف پاکستان کے مشنری، "بالائی منزل" کے سابق مدیر اور کیتھڈرل چرچ (لاہور) کے آخری غیر ملکی وِکر پادری پی - جان ایکٹن ۴ دسمبر ۱۹۹۵ء کو ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں وفات پا گئے ہیں۔

پادری پی - جان ایکٹن نے برصغیر میں ۴۵ سال بطور مشنری کام کیا تھا۔ وہ رائے ونڈ میں کرسچن انسٹی ٹیوٹ کے پرنسپل بھی رہے تھے۔ ویسٹ پاکستان کرسچن کونسل میں لٹریچر سیکرٹری کے طور پر کام کرتے ہوئے انہوں نے "کلید الکتاب" اور "بائبل اٹلس" شائع کی تھیں۔ (پندرہ روزہ "شاداب"، لاہور - یکم تا ۱۵ دسمبر ۱۹۹۵ء)